1989ء سے مسلسل اشاعت
21 تا 27 جنوری 2022 | شمارہ نمبر 4 | جلد نمبر 34
MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**
A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS — 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# جہانگیر ترین سے فہیم خان، محمد سلیم بیکیا اور اسلم جیلانی سمیت اہم رہنماؤں کی ملاقاتیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پی ٹی آئی کے رہنما جہانگیر ترین 10 جنوری 2022 کو کراچی پہنچے، جہانگیر ترین نے گزشتہ دنوں بھی کراچی کا دورہ کیا تھا۔ ان کے دورے کی تفصیلات کے حوالے سے جہانگیر ترین کے سوشل میڈیا فیس بک پر جاری کی گئی۔ اس فیس بک پیج کے مطابق جہانگیر ترین نے کورنگی میں تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی فہیم خان سے ملاقات کی اور ان سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس ملاقات میں سیاسی اور ملک کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جہانگیر ترین نے پی ٹی آئی کے رکن سندھ اسمبلی عباس جعفری سے بھی ملاقات کی۔ اس دورے کے دوران رکن قومی اسمبلی فہیم خان نے ان کے اعزاز میں ظہرانہ دیا جس میں چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا، فیڈریشن کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن محمد اسلم جیلانی نے بھی ان سے خصوصی طور پر ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

(رنگین تصاویر صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمائیں)

## اپیما کے وکیل اے آر شوکت کی والدہ انتقال کر گئیں

## لاہور ہائی کورٹ میں اپیما سے متعلق تمام پٹیشنز کی سماعت ملتوی

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سینئر وکیل سپریم کورٹ آف پاکستان اے آر شوکت (میسرز شوکت اینڈ شوکت لاء ایسوسی ایٹس) کی والدہ محترمہ 16 جنوری 2022 کو انتقال کر گئیں۔ چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران واراکین مینیجنگ کمیٹی نے مرحومہ کے انتقال پر اے آر شوکت اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی ہے۔ دریں اثناء اے آر شوکت سینئر وکیل سپریم کورٹ آف پاکستان کی والدہ کے انتقال کے باعث 18 جنوری 2022 کو لاہور ہائی کورٹ میں اپیما سے متعلق تمام پٹیشنز کی سماعت ملتوی کردی گئی ہے، سماعت کی نئی تاریخ بعد میں مقرر کی جائے گی۔ اس طرح فیڈریشن کے عہدیداران کے انتخابی نتائج کے اعلان میں بھی مزید تاخیر ہوگئی ہے۔





آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی 19-2018 کا 19 واں اجلاس 15 جنوری 2022 کو کراچی و لاہور میں بیک وقت منعقد ہو رہا ہے۔ لاہور میں چیئرمین اپیما ملک احد امین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، دیگر شرکا میں شرافت حسین، حسن رضا، ذیشان سہیل ملک، خامس سعید بٹ، کرم مستقیم اور کراچی میں چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، سید شاہ نواز علی، احمد اظہر اور محمد یونس شریک ہیں

## شینڈ ونگ چنمنگ پیپر ملز کے آئٹمز میں 100 ڈالر فی ٹن کا اضافہ

چائنا (پیپر بزنس نیوز) شینڈ ونگ چنمنگ پیپر ملز چائنا کے ترجمان نے اپنے صارفین کو 10 جنوری 2022 کو مطلع کیا ہے کہ لاگت اور مال برداری میں اضافے کی وجہ سے ہماری تمام مصنوعات کی قیمتیں یکم فروری 2022 سے 100 ڈالر میٹرک ٹن بڑھ جائیں گی، جن مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے ان میں فولڈنگ باکس بورڈ، کوٹڈ آرٹ بورڈ، کپ اسٹاک، فوڈ پیکیجنگ بورڈ، کوٹڈ کرافٹ بیک، ان کوٹڈ ووڈ فری، کوٹڈ آرٹ پیپر، کاپی پیپر، تھرمل پیپر اور ٹشو پیپر شامل ہیں۔ ملز ترجمان کا کہنا ہے کہ ہم اپنے صارفین کے کاروبار کے لیے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ صارفین ان قیمتوں میں اضافے کی ضرورت کو سمجھ گئے ہوں گے۔

## نیو یا کوٹڈ پرنٹنگ پیپر کی دفعہ 81 کے تحت کلیرنس کی اجازت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ سندھ ہائی کورٹ نے ایک بار پھر نیو یا کوٹڈ آرٹ پیپر کی دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیرنس کی اجازت دے دی ہے۔ واضح رہے کہ پبلک نوٹس 01/2021 کے اجراء کے بعد کسٹم نے کلیرنس کو حتمی شکل دینے کے لیے ڈیوٹی 20 فیصد کی شرح سے وصولی کی کوشش کی تھی اب ایک بار پھر عدالت نے عبوری کلیرنس کی اجازت دے دی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایپما کے اومی کرون سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام ممبران ودکانداران پیپر مارکیٹ کو مطلع کیا ہے کہ کرونا کی وباء کی پانچویں لہر اومی کرون کی صورت میں واپس آ گئی ہے اور اپنا وار پہلے سے بھی زیادہ تیز رفتاری اور طاقت سے جاری رکھا ہوا ہے۔ جس کے مطابق پچھلے ہفتوں میں ہسپتال کے آئی سی یو اس بار بھی روزانہ کی بنیاد پر بھر رہے ہیں۔ بدقسمتی سے اس بار لوگ گلے کے انفیکشن، نزلہ کے باعث بہت تیز بخار میں مبتلا ہو رہے ہیں اور بہت سے لوگ اس موسمی تبدیلی کی وجہ سے بھی کھانسی اور بخار کی بیماریوں سے متاثر ہو رہے ہیں اور اس بار صورتحال بہت تیزی سے بگڑ رہی ہے اور ہمیں بہت زیادہ اومی کرون کی وباء کے مثبت کیس کے مریض مل رہے ہیں۔ چونکہ عوام نے کرونا وباء کی احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا بالکل چھوڑ دیا ہے میڈیا اس وباء کے بارے میں لوگوں کو احتیاطی تدابیر کے بارے میں بھی آگاہ کر رہا ہے اور اس وباء کو اور بھی انتہائی تشویشناک قرار دیا کہ تمام شہروں میں اومی کرون وباء کی وجہ سے لوگوں کی اموات کا معاملہ بھی بڑھ رہا ہے۔ لہٰذا ایپما اپنے تمام ممبران اور دکانداروں سے اپیل کرتی ہے کہ حکومت کی جانب سے جاری کی گئیں (ایس او پیز) اور حفاظتی تدابیر پر سختی سے عمل کریں اور دوسروں کو بھی عمل کروائیں۔ ایپما کی سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی نے ممبران سے درخواست کی ہے کہ اس معاملے کو سنجیدگی سے سمجھیں۔ اس لئے برائے کرم احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کریں۔ ایسوسی ایشن کی سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے تمام ممبران اور محمد سلیم بیکیا چیئرمین بزنس مین پینل دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب لوگوں کو اس اومی کرون کی وباء سے محفوظ رکھے۔ اپیل میں کہا گیا ہے کہ فیس ماسک کا استعمال اور اپنی دکانوں پر سینی ٹائزر کی بوتل کا استعمال لازم رکھیں اور اپنے گاہکوں کو بھی اس پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت کریں۔ سماجی فاصلہ کو یقینی بنائیں اور ہجوم والی جگہوں پر جانے سے گریز کریں۔

# حسن علی آفندی روڈ پر دکانوں کے بجلی کے میٹروں سے الیکٹرک وائر چوری

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے صدر سدرن زون سید شاہنواز علی نے ایس ایچ او میٹھادر کی توجہ کے ایم سی پیپر مارکیٹ حسن علی آفندی روڈ کی فرنٹ کی دو دکانوں اور اس کی پچھلی گلی کی دو دکانوں کے میٹر میں لگے ہوئے کے الیکٹرک کے میٹروں سے چور تقریباً دو دکانوں کی وائرنگ کاٹ کر لے گئے ہیں۔ اور یہ واقعہ اس مہینے میں چوتھی مرتبہ پیش آ چکا ہے جس کی وجہ سے دوکانداران کو بجلی کی فراہمی میں پریشانی اور مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ میٹروں کے نیچے لوہے کا بکس سائز 15x60 بھی نکال کر لے گئے ہیں یہ چور ان دنوں یہاں چوری میں سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل 8 مہینے پہلے بھی اس سلسلے میں درخواست جمع کروائی جا چکی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ رات کی تاریکی میں یہ جو چوری کا سلسلہ پھر سے شروع ہوا ہے اس کے لئے کوئی لائحہ عمل بنائیں اور ان چوروں کے خلاف سخت کارروائی بھی کریں تاکہ آئندہ یہ لوگ اس قسم کی چوری نہ کر سکیں۔

# کورونا/اومی کرون کیسز میں اضافہ، این سی او سی کی نئی پابندیاں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) این سی او سی نے ملک بھر میں کورونا اور اومی کرون کیسز بڑھنے کے بعد نئی پابندیاں نافذ کر دیں۔ 19 جنوری کو منعقد ہونے والے اجلاس میں کورونا کی شرح 10 فیصد سے زائد والے اضلاع اور شہروں میں انڈور تقریبات پر پابندی اور آؤٹ ڈور تقریبات میں 300 افراد کو شرکت کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی ہوا کہ 10 فیصد سے کم شرح والے شہروں میں ان ڈور تقریبات میں 300 ویکسی نیٹڈ افراد شرکت کر سکیں گے جبکہ آؤٹ ڈور تقریبات میں 500 ویکسی نیٹڈ افراد کو شرکت کی اجازت ہوگی۔ 10 فیصد سے زائد شرح والے علاقوں میں ان ڈور ڈائننگ پر 24 جنوری سے مکمل پابندی ہوگی۔ مارکیٹیں اور مختلف کاروباری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔ 10 فیصد سے زائد والے شہروں میں تعلیمی سرگرمیاں محدود کرنے اور 12 سال سے کم عمر بچوں کو متبادل دن اسکول بھیجنے کا فیصلہ ہوا۔ ان پابندیوں کا اطلاق 20 تا 31 جنوری تک ہوگا۔ این سی او سی کے فیصلے کے تحت ملک کے چار بڑے شہروں میں کورونا پابندیوں کا اطلاق ہوگا۔ این سی او سی کے مطابق کراچی، لاہور، حیدرآباد اور اسلام آباد میں کورونا کی پابندیوں کا اطلاق ہوگا۔ این سی او سی کا کہنا ہے کہ کراچی میں تین روز سے کورونا مثبت کیسز کی شرح 40 فیصد، لاہور میں تین روز سے 14 فیصد اور حیدرآباد میں بھی تین روز سے شرح 14 فیصد ہے۔

# ایف بی آر نے جائیداد کی نظرثانی شدہ قیمتوں پر اطلاق 31 جنوری تک معطل کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے جائیداد کی نظرثانی شدہ قیمتوں پر اطلاق 31 جنوری تک روک دیا ہے۔ جب کہ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹس ایسوسی ایشن نے قیمتوں کی شرح میں اضافہ فوری واپس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ایف بی آر نے 40 اہم شہروں میں جائیدادوں کی نظرثانی شدہ قیمتوں کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کی تاریخ میں 31 جنوری، 2022 توسیع کر دی ہے۔ وزیر خزانہ شوکت ترین اور ایف بی آر کے اعلیٰ حکام جائیدادوں کی قیمتوں میں 2019 میں ایف بی آر کے جاری ایس آر او کے مطابق 25 سے 50 فیصد تک اضافہ کرنے پر غور کر رہے ہیں۔ تاہم، اب تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے کیوں کہ عالمی بینک کی شرائط میں ایک شرط 40 کروڑ ڈالرز پاکستان آمدنی اضافہ (پی آر آر) کی بھی ہے جس میں رئیل اسٹیٹ قیمتوں کی شرح مارکیٹ قیمتوں کی شرح کے قریب لانا ہے۔ وزیر خزانہ شوکت ترین منی بجٹ کو حتمی شکل دینے اور اسے پارلیمنٹ سے منظور کروانے میں مصروف ہیں اس لیے رئیل اسٹیٹ شعبے کی قیمتوں کی شرح کو حتمی شکل نہیں دی جا سکی۔ توقع کی جا رہی ہے کہ وزیر خزانہ شوکت ترین یہ معاملہ 18 جنوری، 2022 کو ایف بی آر اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت میں اٹھائیں گے۔

# کاروبار ختم کرنے پر سیلز ٹیکس ڈی رجسٹریشن کے رولز متعارف

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس دہندگان کیلئے کاروبار ختم کرنے پر سیلز ٹیکس میں ڈی رجسٹریشن کے رولز متعارف کروا دیئے ہیں، ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان کی سیلز ٹیکس میں ڈی رجسٹریشن کیلئے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں اہم ترامیم کر دی ہیں، ترامیمی رولز کے تحت سیلز ٹیکس سے ڈی رجسٹریشن کے خواہاں ٹیکس دہندگان پر متعلقہ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کو ڈی رجسٹریشن کیلئے درخواست دینا ہوگی اور درخواست دینے پر درخواست دہندہ ٹیکس کے لئے ماہانہ سیلز ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی لازمی شرط معطل ہو جائے گی جو کہ درخواست دہندہ کی جانب سے ڈی رجسٹریشن کے لئے دی جانے والی درخواست بارے فیصلہ ہونے تک معطل رہے گی اور ڈی رجسٹریشن کی درخواست مسترد ہونے پر ماہانہ سیلز ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی شرط بحال ہو جائے گی، ٹیکس دہندہ سے ڈی رجسٹریشن کی درخواست موصول ہونے پر ٹیکس دہندہ کے کاروبار جاری رکھنے والے عرصے کے دوران اس کے ذمہ واجب الادا ٹیکس واجبات کے تعین کے لیے انکوائری یا آڈٹ کروانے کی صورت میں متعلقہ کمشنر ان لینڈ ریونیو تحریری طور پر درخواست دہندہ سے تمام مطلوبہ ریکارڈ طلب کرے گا اور درخواست دہندہ کی طرف سے مکمل ریکارڈ فراہم کرنے پر اس ریکارڈ کا کمپیوٹرائزڈ سسٹم میں اندراج کیا جائے گا۔ ریکارڈ کے اندراج پر 90 دن کی مقررہ معیاد ختم ہونے پر ٹیکس دہندہ خود بخود مشروط طور پر سیلز ٹیکس سے ڈی رجسٹرڈ ہو جائے گا اور اگر ٹیکس دہندہ نے اپنے ذمہ واجب الادا ٹیکس واجبات کلیئر نہ کروائے ہوئے تو اس صورت میں ڈی رجسٹریشن نہیں ہو سکے گی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# PTI رہنما جہانگیر ترین سے محمد سلیم بیکیا اور اسلم جیلانی کی فہیم خان کے ظہرانے میں ملاقات









12 جنوری 2022 کو پاکستان تحریک انصاف کے رہنما جہانگیر ترین نے اپنے دورۂ کراچی کے دوران رکن قومی اسمبلی فہیم خان سے ملاقات کی اور ظہرانہ میں شرکت کی، اس موقع پر لی گئی تصاویر۔ چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا، فیڈریشن کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن محمد اسلم جیلانی نے ظہرانے میں شرکت کی اور جہانگیر ترین سے خصوصی ملاقات میں مختلف باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**O F F S E T P R I N T I N G**
**P A P E R I . P . M B R A N D**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

# PAPERLINE

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM ™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# اظہارِ تعزیت

انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ (IBM) کی ٹیم

میسرز شوکت اینڈ شوکت لاء ایسوسی ایٹس لاہور کے

**جناب اے آر شوکت** (سینئر ایڈووکیٹ، سپریم کورٹ آف پاکستان)

کی والدہ محترمہ کے انتقال پر

**دلی تعزیت** کا اظہار کرتی ہے اور تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے

اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور جناب اے آر شوکت سمیت

ان کے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

منجانب: محمد سلیم بیکیا

چیئرمین، بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس سابق چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن


FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدی ومقامی آفسیٹ، بلیچ بورڈ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، جاپانی آرٹ کارڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 19 جنوری 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بلیچ بورڈ چائنا ننگبو گولڈ میں 9 روپے فی کلو، رئیل میں 10 روپے فی کلو، چینمنگ میں 6 روپے فی کلو، پنڈوڈیلی انڈونیشیا میں 6 روپے فی کلو، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے میں 4 روپے فی کلو، ریل کٹ میں 5 روپے فی کلو، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار میں 2 تا 4 روپے فی کلو، فلائنگ پیپر میں 4 روپے فی کلو، کراؤن پیپر میں 4 روپے فی کلو، آرٹ پیپر نیویا گلوس اور میٹ میں 3 روپے فی کلو، آرٹ پیپر میٹ میں 2 روپے فی کلو اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ آرٹ کارڈ جاپان میں 10 روپے فی کلو کمی دیکھنے میں آئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 315 روپے سے کم ہو کر 305 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 287 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 285 روپے سے بڑھ کر 288 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔115 اور 128 گرام، 283 روپے سے بڑھ کر 285 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 4400 روپے سے بڑھ کر 4500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 294 روپے سے بڑھ کر 303 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ رئیل تمام سائز تمام گرام 293 روپے سے بڑھ کر 303 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 290 روپے سے بڑھ کر 296 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی تمام سائز تمام گرام، 286 روپے سے بڑھ کر 292 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 264 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 255 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 132 روپے، تمام سائز 53 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 136 روپے، تمام سائز 60 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 136 روپے، تمام سائز 63 گرام، 138 روپے سے بڑھ کر 142 روپے، تمام سائز 68 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 136 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 گرام، 150 روپے سے بڑھ کر 154 روپے، تمام سائز 68 گرام، 149 روپے سے بڑھ کر 153 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 63 گرام، 151 روپے سے بڑھ کر 155 روپے، تمام سائز 68 گرام، 150 روپے سے بڑھ کر 154 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، بی ایل سی 70 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 635 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔ 70 گرام، 720 روپے سے بڑھ کر 730 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔70 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 735 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1300 روپے سے بڑھ کر 1325 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون 70 گرام، 650 روپے سے بڑھ کر 665 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون، A4 سائز 80 گرام، 750 روپے سے بڑھ کر 770 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام، 810 روپے سے بڑھ کر 820 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 620 روپے سے بڑھ کر 625 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# سنگل سیلز ٹیکس پورٹل پر تکنیکی خرابی، ریٹرن جمع کرانے میں پریشانی

## دسمبر ریٹرن جمع کرانے کی تاریخ میں 24 جنوری تک توسیع کردی گئی

کراچی (نیوز ڈیسک) ٹیکس بار کے صدر ذیشان مرچنٹ کا کہنا ہے کہ سنگل سیلز ٹیکس پورٹل پر تکنیکی خرابی پیش آئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صدر کراچی ٹیکس بار نے بتایا کہ پورٹل میں فنی خرابی کے باعث سیلز ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی گئی۔ دریں اثنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے دسمبر 2021 کے نیشنل سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز کے گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی ہے، جاری کردہ سرکلر مورخہ 17 جنوری 2022 کے تحت انیکسچر ۔سی جمع کرانے کی تاریخ 10 جنوری 2022 تھی جسے بڑھا کر 19 جنوری 2022 کردیا گیا ہے۔ سیلز ٹیکس کی ادائیگی کی تاریخ 15 جنوری 2022 تھی جسے بڑھا کر 21 جنوری 2022 کردیا گیا ہے۔ سیلز ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 18 جنوری 2022 تھی جسے بڑھا کر 24 جنوری 2022 کردیا گیا ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اظہار تعزیت

ہم

**جناب اے آر شوکت** (سینئر ایڈووکیٹ، سپریم کورٹ آف پاکستان)

(میسرز شوکت اینڈ شوکت لاء ایسوسی ایٹس لاہور)

کی **والدہ محترمہ** کے انتقال پر ان کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے

اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

منجانب: عہدیداران واراکین ایگزیکٹو کمیٹی

آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن

**ALL PAKISTAN PAPER MERCHANTS ASSOCIATION**

**Head Office** : Room No. 301, 3rd Floor, Al-Rasheed Centre, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi.Paksitan
Phone:(+92-21) 32621041, 32627866 Fax: (+92-21) 32210385 Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk

**Northern Zone** Address: Room No. 219-220, Zulqarnain Chamber, Shahrah-e-Millat, Lahore-54000
Phone:(+92-42) 37248180 Fax: (+92-42) 37213363 Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ایپما سدرن سرکل کی عیدملن ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن سرکل کی عیدملن تقریب ۲۴ر فروری کو یہاں منعقد ہوئی۔ تقریب میں اراکین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سدرن سرکل کے صدر تبسم خورشید' جنرل سیکریٹری مبین اے شیخ' خزانچی زین الدین سنیل' جوائنٹ سیکریٹری محمد یامین قریشی' اور اراکین ایگزیکٹو کمیٹی محمد حسین' یاسین سرمہ والا اور دیگر نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ تقریب میں چیئرمین اے کیو خلیل' وائس چیئرمین وسیم احمد' سابق صدور اور ناظم علی اور عبدالمجید میمن کے علاوہ' سینٹرل و سرکل کے اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے بھی شرکت کی۔



عیدملن تقریب میں دیر کارپوریشن کے ناظم علی اور ہٹلہ کارپوریشن کے نسیم ہٹلہ جبکہ بائیں طرف حاجی عبدالسلام' چیئرمین اے کیو خلیل اور سہیل نثار



عیدملن تقریب میں (دائیں طرف) محمد رؤف' چیئرمین اے کیو خلیل' انعام الٰہی جمیل' فیصل جمیل جبکہ بائیں طرف محمد دیانی ایسوی ایشن کے مستقبل کے بارے میں سید عباس کاظم' انی اور احمد سیدات سے محو گفتگو ہیں۔





اے کیو خلیل اور عبدالمجید میمن کے درمیان خلیج کو یاسین سرمہ والا کی مسکراہٹ کے ذریعہ کم کرنے کی کوشش

### ا-یپما سدرن سرکل کی عیدملن تقریب کی تصویری جھلکیاں



چاند ٹریڈرز کے حسن عسکری' رضوان انٹرنیشنل کے علی بہادر اور فاطمی کے قریش علی فاطمی اور انتہائی بائیں جانب ہوم بک بائنڈنگ کے محمد یونس دیگر شرکاء کے ہمراہ

## تلخی اور گرما گرم بحث کے بعد ا-یپما کے دستور میں ترامیم کی منظوری

### ملتوی شدہ اجلاس ایک بار پھر ملتوی کرنا پڑا۔ دوسرے اجلاس میں منظوری دی گئی۔ مرکزی عہدیداروں پر تنقید

### اجلاس میں شریک صرف ۱۱ اراکین قانونی موشگافیوں میں الجھے رہے'

### قانونی ضروریات پوری کرنے میں ناکامی پر قرارداد پیش کرنے کی کوشش

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس کے اجلاس عام نے جس میں مختصر ترین کورم صرف گیارہ اراکین نے شرکت کی تھی۔ گرما گرم بحث اور مرکزی عہدیداروں پر زبردست تنقید کے بعد وزارت تجارت کی طرف سے ایسوسی ایشن کے دستور میں تجویز کی گئی ترامیم کو اپنے ۲۷ر فروری کے ملتوی شدہ اجلاس میں منظوری دے دی۔ یہ اجلاس یہاں چیئرمین اے کیو خلیل کی صدارت میں منعقد ہوا تھا۔ قبل ازیں ۱۳ر فروری کا ملتوی شدہ اجلاس ۲۵ر فروری کو ایسوسی ایشن کے دفتر میں اے کیو خلیل کی زیرصدارت منعقد ہوا تھا جس میں ایک بار پھر اجلاس کے قانونی اور آئینی ترامیم کے لئے مقررہ مدت میں نوٹس کے اجراء پر دوبارہ بحث چھڑ گئی تھی اور اجلاس میں خاصی تلخی رہی' اس موقع پر بحث میں ناظم علی' عبدالمجید میمن اور نور محمد نے حصہ لیا اور انہوں نے مرکزی عہدیداروں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک موقع پر نور محمد نے اجلاس میں اجلاس مقررہ وقت میں نہ بلانے پر ایک قرارداد مذمت بھی پیش کرنے کی کوشش کی تاہم وہ رائے شماری کے لئے پیش نہیں کی جاسکی۔ تاہم یہ اجلاس وائس چیئرمین وسیم احمد کی کوششوں کے بعد دو دن کے لئے ملتوی کردیا گیا اور اراکین میں اتفاق رائے حاصل کرنے اور اس سلسلے میں رہ جانے والے قانونی سقم پر قانونی ماہرین سے آراء طلب کرکے مسئلہ کے حل کے کے اجلاس میں ان ترامیم کو منظور کرلیا گیا۔

## نورالدین سکا والا ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں سے لاتعلق؟

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن سرکل کے سینئر نائب صدر نورالدین سکا والا نے گزشتہ ایک ماہ سے ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں سے لاتعلقی اختیار کررکھی ہے وہ ایسوسی ایشن کے جنرل باڈی اجلاس منعقدہ ۱۳ر فروری میں بھی شریک نہیں ہوئے۔ عیدملن کے موقع پر بھی وہ عہدیداروں سے الگ تھلگ تھے۔ سکا والا کے قریبی ذرائع کے مطابق انہوں نے لاتعلقی عہدیداروں سے بعض امور پر اختلافات کی بنیاد پر اختیار کی ہے۔

## بازاری عیدکارڈ کی فروخت میں کمی۔ امدادی کارڈز کی فروخت میں اضافہ

### ۲ روپے سے ۷۵ روپے تک کے کارڈ دستیاب ہیں۔ کراچی کے حالات اور مہنگائی نے اس روایت کو متاثر کیا ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی میں عیدکارڈ کی فروخت کی تعداد گزشتہ سالوں کے مقابلے میں نصف سے بھی کم رہ گئی ہے اور عیدکارڈ چھاپنے اور بڑے پیمانے پر کاروبار کرنے والے پرنٹرز اب اس کاروبار کے مستقبل سے مایوس ہوگئے ہیں عیدکارڈ چھاپنے والے شہر کے چند بڑے بڑے اداروں کے مالکان نے بتایا کہ شہر کے حالات سب کے سامنے ہیں وہ فضا اور وہ ماحول ہی باقی نہیں رہا کہ لوگ ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد کے لئے پرکشش عید کارڈ ارسال کریں۔ اب یہ روایت دم توڑ رہی ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اب ایک مخصوص نوعیت کے لچر اور بے ہودہ عید کارڈ فروخت ہورہے ہیں جنہیں شریف لوگ نہ تو پسند کرتے ہیں اور نہ یہ کسی شریف گھرانے کو ارسال کئے جاسکتے ہیں آج کل عیدکارڈز کا جو تھوڑا بہت کاروبار ہورہا ہے وہ فلمی ہیروز کی (اور وہ بھی بھارت کے) بے ہودہ تصاویر کے نام پر ہورہا ہے۔ تاہم شہر کے متعدد تجارتی مراکز اور بازاروں میں عیدکارڈز کے اسٹالز پر نوجوانوں کا ہجوم دکھائی دیتا ہے یہاں زیادہ تر بھارتی فلمی ہیروز کی رنگین تصاویر پر مبنی عیدکارڈز فروخت ہوتے ہیں صدر' ریگل' زیب النساء اسٹریٹ' طارق روڈ' گلشن اقبال نرسری' کھارادر' حیدری مارکیٹ' کلفٹن اور ڈیفنس کے علاقوں میں عیدکارڈز فروخت کرنے والوں کے لاتعداد اسٹالز ہیں اور یہاں دو روپے سے لے کر ۷۵ روپے مالیت تک کے عیدکارڈز دستیاب ہیں تاہم آپ کو اس سے زیادہ قیمت کے عیدکارڈز بھی آرڈر پر تیار کرکے دیئے جاسکتے ہیں جن میں آپ کی یا آپ کی فیملی کی رنگین تصاویر بھی لگ سکتی ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع

# TENDERS

## سول ایوی ایشن کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: آفیسر انچارج لاجسٹکس، لیول-4، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور۔

فون:042-99240539

## ہائی کورٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:22-2021-22

وال کیلنڈر کی پرنٹنگ، تعداد:3000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ رجسٹرار (پروکیورمنٹ) لاہور۔

## فوریسٹ سرکل کو پرنٹنگ خدمات درکار

رجسٹرز کی پرنٹنگ، سائز 8.5x14، تعداد:1200 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: کنزرویٹر آف فوریسٹ آفس، ملتان۔

فون:061-9200127

## نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 فروری 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)، پنجاب نارتھ، شاہ پور انٹرچینج ٹھوکر نیاز بیگ، ملتان روڈ، لاہور۔

فون:042-99232560

## پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:001/22/stationary

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:430 ریم۔

پیپر لیگل سائز، تعداد:50 ریم۔

دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:31 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر آفس، تیسری منزل، ایگریکلچر ہاؤس، 21۔ڈیوس روڈ، لاہور۔

فون:042-99204371

## بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز

80 گرام، تعداد:12000 ریم۔

آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز

75 گرام،

تعداد:1000 ریم۔

آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A3 سائز،

80 گرام، تعداد:300 ریم۔

کور شیٹ کی پرنٹنگ، 100 گرام

آفسیٹ پیپر، اے تھری سائز،

تعداد:12,00,000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2022ء

برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، بہاولپور۔

فون:062-9255084-9255094

# منی بجٹ نافذ: 150 سے زائد اشیا پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ ہوگیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی حکومت نے اتوار 16 جنوری سے ادویات، ادویات کی تیاری میں استعمال ہونے والا خام مال، سلائی مشین، درآمدی مصالحہ جات، گاڑیاں، دوائیں، موبائل فون، دوسو گرام سے زیادہ وزن کے حامل بچوں کے دودھ، ڈبے والی دہی، پنیر، مکھن، کریم، دیسی گھی، مٹھائی پر دی جانیوالی سیلز ٹیکس کی چھوٹ ختم کردی ہے اور ان اشیاء پر سترہ فیصد جنرل سیلز ٹیکس لاگو کردیا ہے۔صدر مملکت کی جانب سے مالیاتی بل 2021 پر دستخط کے بعد منی بجٹ کا نفاذ کردیا گیا ہے جبکہ چینی پر رعایتی سیلز ٹیکس ختم کرکے سترہ فیصد جنرل سیلز ٹیکس کا اطلاق یکم دسمبر 2021 سے کیا گیا ہے اور باقی تمام اشیا پر سیلز ٹیکس چھوٹ ختم کرکے عائد کردہ سترہ فیصد جی ایس ٹی کا اطلاق 16 جنوری سے کیا گیا ہے۔چھوٹی دکانوں پر بریڈ، سویاں، نان، چپاتی، شیرمال، رسوں پر ٹیکس لاگو نہیں ہوگا مگر بیکریوں، ریسٹورنٹس، فوڈ چینز اور مٹھائی کی بڑی دکانوں پر ٹیکس ہوگا۔اس کے علاوہ درآمدی نیوز پرنٹ، اخبارات، جرائد، کاسمیٹکس، کتابیں، سلائی مشین، امپورٹڈ زندہ جانور اور مرغی پر مزید ٹیکس لگے گا۔کپاس کے بیج، پولٹری سے متعلق مشینری، اسٹیشنری، سونا، چاندی بھی منی بجٹ کے بعد مہنگے ہوجائیں گے۔منی بجٹ میں تقریباً 150 اشیا پر سیلز ٹیکس بڑھایا گیا ہے، موبائل فون پر ٹیکس 10 سے بڑھا کر 15 فیصد کرکے 7 ارب روپے اضافی حاصل کیے جائیں گے، 1800 سی سی کی مقامی اور ہائبرڈ گاڑیوں پر 8.5 فیصد سیلز ٹیکس لاگو کیا گیا ہے، 1801 سے 2500 سی سی کی ہائبرڈ گاڑیوں پر 12.75 فیصد ٹیکس عائد کردیا گیا ہے، درآمدی الیکٹرک گاڑیوں پر 12.5 فیصد ٹیکس عائد کردیا گیا ہے۔ایف بی آر کے سینئر افسر نے بتایا منی بجٹ کا اطلاق اتوار 16 جنوری سے کردیا گیا ہے، بچوں کے فارمولہ دودھ پر جی ایس ٹی میں رعایت کردی گئی ہے، لال مرچ اور آئیوڈین ملے نمک پر سیلز ٹیکس ختم کردیا گیا ہے، 500 روپے مالیت کے 200 گرام دودھ کے ڈبے پر جی ایس ٹی نہیں ہوگا، ملٹی میڈیا، ٹائر ون کیٹگری کے آؤٹ لیٹ و بیکریوں اور ریسٹورنٹ پر بیکری پر ڈبل روٹی، بن رس سمیت دیگر سامان، زرعی شعبے میں استعمال ہونے والے مختلف نوعیت کے پلانٹ و مشینری سمیت، ویجیٹیبل گھی، موبائل فون، اسٹیشنری اور پیک فوڈ آئٹم، انڈے، پولٹری، گوشت، جانوروں کی خوراک کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال، گاڑیاں، ٹریکٹر سمیت ایک سو پچاس کے لگ بھگ اشیا مہنگی ہونے کے امکانات ہیں، ان اشیا پر سترہ فیصد جی ایس ٹی عائد کردیا گیا ہے۔وفاقی وصوبائی ہسپتالوں، خیراتی ہسپتالوں، این جی اوز و تعلیمی اداروں، سفارتکاروں وسفارتی مشن سمیت دیگر مراعات یافتہ طبقے کی طرف سے کی جانے والی درآمدات کو بھی ٹیکس سے چھوٹ واپس لے لی گئی ہے، ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کیلئے شیڈول 5، 6، 7، 8 اور 9 میں کی جانے والی ترامیم لاگو کردی گئی ہیں۔اپوزیشن کی تنقید اور عوامی ردعمل پر چھوٹی دکانوں پر بریڈ، سویاں، نان، چپاتی وغیرہ پر ٹیکس لاگو کرنے کا فیصلہ واپس لے لیا گیا ہے، سیب کے علاوہ درآمدی پھلوں، سبزیوں پر 10 فیصد سیلز ٹیکس، پیکنگ میں فروخت ہونے والے درآمدی مصالحہ جات پر 17 فیصد سیلز ٹیکس، فلور ملز پر بھی 10 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا گیا ہے جس سے آٹا بھی مہنگا ہوسکتا ہے، ملٹی میڈیا ٹیکس بھی 10 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد کرنے، بیٹری پر ٹیکس 12 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد کردیا گیا ہے، ڈیوٹی فری شاپس پر بھی 17 فیصد سیلز ٹیکس عائد کردیا گیا ہے۔سرکاری عہدہ رکھنے والوں کی ٹیکس تفصیل پبلک کرنے کے قانون کو بھی لاگو کردیا گیا ہے۔اس کے علاوہ ریٹیل اسٹیٹ کو دی گئی رعایت جاری رکھی جائے گی۔کسٹمز، سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس قوانین میں ترامیم کرکے ایف بی آر کلکٹر کے اختیارات کم کردیئے گئے ہیں۔منی بجٹ لاگو ہونے کے بعد ان اشیا کے مہنگے ہونے کا واضح امکان ہے۔

## پاکستان سمیت دیگر ممالک سے سعودی عرب جانیوالوں کیلئے قرنطینہ لازم قرار

کراچی (نیوز ڈیسک) سعودی عرب نے کورونا وائرس کی نئی قسم اومی کرون کے بڑھتے کیسز کے باعث غیر ممالک سے آنے والوں پر نئی پابندیاں عائد کردیں۔سعودی جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن نے ہدایت نامہ جاری کردیا جس کے مطابق پاکستان سمیت غیر ممالک سے سعودیہ آنے والوں کیلئے 5 دن کا قرنطینہ لازم قرار دیا گیا ہے اور ٹیسٹ مثبت آنے پر مزید 15 دن کا قرنطینہ ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کلکٹر کسٹمز کے اشیا کی ویلیو متعین کرنے کے اختیارات ختم

## پارلیمنٹ نے ڈکلیئریشن کو صرف گڈز ڈکلیریشن تک محدود کرنے کی بھی منظوری دے دی، درآمدی اشیا کی کلیئرنس کے بعد 3 سال میں گڈز ڈکلیئریشن کے اختیارات ختم ہوجائیں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پارلیمنٹ نے کلکٹر کسٹمز سے درآمدی و برآمدی اشیا کی ویلیو متعین کرنے کے از خود موشن کے اختیارات ختم کرنے کی منظوری دے دی، اس کے علاوہ اشیا کی ڈکلیئریشن کو صرف گڈز ڈکلیریشن تک محدود کرنے کی بھی منظوری دے دی گئی ہے، درآمدی اشیا کی کلیئرنس کے بعد تین سال کے اندر گڈز ڈکلیئریشن کے اختیارات بھی ختم کیے جارہے ہیں جس کیلئے ترمیمی فنانس بل کے ذریعے کسٹمز ایکٹ 1969 میں ترامیم کی گئی ہیں، مجوزہ ترمیمی فنانس بل کے ذریعے کسٹمز ایکٹ میں درآمد کنندگان کی درآمدی اشیا پر عائد ڈیوٹی و ٹیکسوں کی عبوری اسیسمنٹ کے ذریعے ٹیکس دہندگان سے ڈیوٹی و ٹیکسوں کے اصل واجبات کے تعین تک اضافی ٹیکس واجبات کی رقم کے برابر کارپوریٹ گارنٹی فراہم کرنے کی شرط بھی ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

# آل پاکستان انجمن تاجران کا دوبارہ احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران نے دوبارہ احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کر دیا ہے۔ آل پاکستان انجمن تاجران کی کور کمیٹی نے اسلام آباد میں اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں سیکرٹری جنرل آل پاکستان نعیم میر، صدر پنجاب شاہد غفور پراچہ، صدر کے پی کے ملک مہر الہی اور جنرل سیکرٹری آزاد کشمیر شوکت نواز میر نے شرکت کی۔ اجلاس میں آل پاکستان انجمن تاجران نے دوبارہ احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کیا، 17 فروری کو اسلام آباد میں احتجاجی تاجر کنونشن منعقد ہوگا۔ آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ نے کہا کہ حکومت پوائنٹ آف سیل پر ڈیوائس لگانے کے قانون کو ختم کرے، پوائنٹ آف سیل پر ڈیوائس ناکام ثابت ہوئی ہے۔ اجمل بلوچ نے بتایا کہ ایف بی آر میں ڈیوائس کنٹرول کرنے والوں نے کرپشن شروع کر دی ہے، ڈیوائس لگانے والوں نے بھی کرپشن کا راستہ نکال لیا ہے۔ اجمل بلوچ نے کہا کہ جبری سیل ٹیکس کی رجسٹریشن بھی کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، جبری سیل ٹیکس رجسٹریشن کے نوٹس بھیج کر کرپشن کا بازار بھی گرم ہے۔ آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ نے مزید کہا کہ ایف بی آر کو پولیس کے کالے قانون کے اختیارات استعمال کی اجازت بلکل بھی نہیں دیں گے۔

# نیشنل بینک کو فراڈ سے متاثرہ شخص کو رقم واپس کرنیکا حکم برقرار

